نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے دھان کی پتہ لپیٹ سنڈی کے تدارک کیلئے سفارشات جاری کر دیں

لاہور30جولائی2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق دھان کی پتہ لپیٹ سنڈی ایک خطرناک بیماری ہے۔صوبہ پنجاب میں دھان کے علاقوں میں اس کا حملہ مشاہدہ میں آیا ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ دھان کی پتہ لپیٹ سنڈی کے حملہ کی صورت میں نقصان کی معاشی حد2 عددحملہ شدہ/لپیٹے ہوئے پتے فی پودا ہیں۔دھان کے کاشتکار پتہ لپیٹ سنڈی کے حملہ سے بچاؤ کیلئے باقاعدگی سے پیسٹ سکاؤٹنگ کریں۔جڑی بوٹیوں کی تلفی یقینی بنائیں۔متاثرہ پودوں کو کھیت سے نکال کر زمین میں دبا دیں۔اس کے علاوہ سنڈی کی موثر نگرانی کیلئے روشنی کے پھندوں کا استعمال کریں۔نائٹروجنی کھاد کے زیادہ استعمال سے گریز کریں۔دھان کی پتہ لپیٹ سنڈی کا حملہ نقصان کی معاشی حد سے زیادہ ہونے کی صورت میں محکمہ زراعت توسیع یا پیسٹ وارننگ کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے وقفہ قبل از برداشت مدِنظر رکھتے ہوئے سفارش کردہ زرعی زہروں کا استعمال کریں

☆☆☆☆